NAPLAN آن لائن – معلومات برائے والدین اور دیکھ بھال کرنے والے

2022

بچہ آن لائن لائنNAPLAN ٹیسٹ دے گا

وفاقی، ریاستی اور علاقائی وزراء تعلیم نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ رفتہ رفتہ تمام اسکول موجودہ کاغذ پر مبنی NAPLAN سے آن لائن NAPLAN پر منتقل ہو جائیں گے تاکہ پہلے سے بہتر اور زیادہ درست جائزہ فراہم کیا جاسکے جو طلباء کے لئے زیادہ دلچسپی کا باعث ہو۔

ریاستی اور علاقائی تعلیمی حکام اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ ان کے اسکول کب آن لائن ہوں گے۔ موجودہ منصوبہ یہ ہے کہ 2022 تک تمام اسکول آن لائن NAPLAN میں منتقل ہو جائیں۔

NAPLAN آن لائن کے اہم فوائد میں سے ایک فائدہ انفرادی (یا حسب منشاء) ٹیسٹنگ ہے، جس میں ٹیسٹ کے دورانطالب علم کی کارکردگی کےمطابق اس سے زیادہ یا کم پیچیدہ سوالات پوچھے جاتے ہیں۔

انفرادی (یا حسب منشاء) ٹیسٹنگ کو طلباء کی وسیع تر صلاحیتوں کا جائزہ لینے اور ان کی کامیابی کو زیادہ درست طور پر ماپنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اگر آپ کے بچے کو یہ معلوم ہو کہ سوالات معمول سے زیادہ مشکل ہیں تو اس سے فکر مند نہیں ہونا چاہئے؛ ہوسکتا ہے کہ مزید پیچیدہ سوالات پوچھے جارہے ہوں۔ ایک طالب علم کا NAPLAN اسکور ان سوالات کی تعداد اور پیچیدگی پر مبنی ہوتا ہے جن کے اس نے درست جواب دیئے ہیں۔

طلباء NAPLAN میں کیوں حصہ لیتے ہیں؟

نیشنل اسیسمنٹ پروگرام – لٹریسی اینڈ نیومریسی (NAPLAN) خواندگی اور اعداد و شمار کی اُن مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جو ہر بچے کے لئے اسکول اور زندگی میں آگے بڑھنے کے لئے نہایت ہی ضروری ہیں۔

3، 5، 7 اور 9 سال کے طلباء پڑھنے، لکھنے، زبان کی روایات (ہجے، گرائمر اور اوقاف) اور اعداد و شمار پر مبنی NAPLAN کے سالانہ ٹیسٹوں میں حصہ لیتے ہیں۔

یہ جائزہ والدین اور اسکولوں کو یہ سمجھنے میں مدد فراہم کرتا ہے کہ ٹیسٹ کے وقت ہر ایک طالب علم کس طرح کی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ NAPLAN کسی اسکول کے تشخیصی اور رپورٹنگ کے عمل کا محض ایک پہلو ہے – یہ طلباء کی کارکردگی سے متعلق اساتذہ کے موجودہ جائزوں کا ہر گز متبادل نہیں ہے۔

NAPLAN اسکولوں، تعلیمی حکام اور حکومتوں کو اس تعلق سے معلومات بھی فراہم کرتا ہے کہ مختلف تعلیمی پروگرام کیسا کام کر رہے ہیں اور کیا آسٹریلیا کے نوجوان خواندگی اور اعداد و شمار کے شعبے میں اہم تعلیمی نتائج حاصل کر رہے ہیں یا نہیں۔

NAPLAN کس بات کا جائزہ لیتا ہے؟

NAPLAN خواندگی اور اعداد و شمار کی ان مہارتوں کا جائزہ لیتا ہے جو طلباء اپنے اسکول کے عام نصاب کے ذریعہ سیکھ رہے ہوتے ہیں۔ تمام سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی حکام نے NAPLAN کے مواد کی تیاری میں تعاون کیا ہے۔

طلباء کا جائزہ ایک ہی قسم کے خواندگی اور اعداد و شمار کے نصاب کی بنیاد پر لیا جاتا ہے، خواہ وہ ٹیسٹ آن لائن پُر کریں یا کاغذ پر۔ دونوں ہی فارمیٹس کے نتائج کو ایک ہی NAPLAN تشخیصی پیمانے پر رپورٹ کیا جا سکتا ہے۔

NAPLAN آن لائن کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ملاحظہ کریں، nap.edu.au

میں اپنے بچے کی مدد کیسے کرسکتا ہوں؟

اسے خود کرنے دیں، NAPLAN کوئی ایسا ٹیسٹ نہیں ہے جس کے لئے مطالعہ کیا جائے اور طلباء سے ایسا کرنے کی توقع نہیں کی جاتی۔

آپ اپنے بچے کو یہ یقین دلا کر اُن کی مدد کر سکتے ہیں کہ NAPLAN ان کے اسکول کے پروگرام کا صرف ایک حصہ ہے، اور اُنہیں اس دن یہ یاد دلا کر کہ وہ اپنی طرف سے پوری کوشش کریں۔

ACARA، NAPLAN کے لئے ضرورت سے زیادہ تیاری یا کوچنگ فراہم کرنے والوں کی خدمات کے استعمال کی سفارش نہیں کرتا ہے۔

اس بات کو یقینی بنانا کہ طلباء آلات استعمال کرنے، ان پر ٹائپ کرنے اور پروگرامز کی تفاصیل سے اچھی طرح واقف ہیں طلباء کے سیکھنے کے عمل کا ایک حصہ ہے اور اسکول میں پہلے سال سے آسٹریلیائی نصاب کی ضرورت ہے۔

NAPLAN آن لائن کوئی کی بورڈ کی مہارتوں کا ٹیسٹ نہیں ہے۔ ایک طالب علم کتنا تیز یا اچھا ٹائپ کرسکتا ہے، اس کی مختلف حالتیں ہوتی ہیں – ٹھیک ویسے ہی جیسے ایک طالب علم اپنے ہاتھ سے کتنا تیز یا اچھا لکھ سکتا ہے۔ تیسرے سال کے طلباء کاغذ پر تحریری امتحان دیں گے۔

اساتذہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ طلباء تمام ٹیسٹ میں آنے والے سوالات کی اقسام سے واقف ہوں اور وہ مناسب مدد اور رہنمائی فراہم کریں گے۔

NAPLAN آن لائن جائزے کے سوالات کی اقسام اور متعلقہ خصوصیات یہاں ملاحظہ کریں
nap.edu.au/online-assessment/public-demonstration-site

NAPLAN میں شرکت

3، 5، 7 اور 9 سال کے تمام طلباء سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ NA-PLAN کے سالانہ جائزے میں حصہ لیں گے۔ معذور طلباء اُن کے لئے ایسی تبدیلیاں کئے جانے کے اہل ہو سکتے ہیں جو عمومی طور پر کلاس روم کے جائزوں میں انہیں فراہم کی جانے والی معاونت کی عکاسی کرنے والی ہوں۔ آپ کو اپنے بچے کے استاد کے ساتھ اپنے بچے کے لئے کسی بھی تبدیلی کے استعمال کے بارے میں تبادلہ خیال کرنا چاہئے۔

ایک معذور طالب علم جس کی معذوری اس ٹیسٹ میں حصہ لینے کی اس کی صلاحیت کو شدید طور پر محدود کر دیتی ہے، یا ایک ایسا طالب علم جو حال ہی میں آسٹریلیا آیا ہے اور پیچھے سے اس کا خاندان انگریزی بولنے والا نہیں ہے، اسے باضابطہ استثنیٰ دیا جا سکتا ہے۔

آپ کے اسکول کا پرنسپل اور آپ کی مقامی ٹیسٹ ایڈمنسٹریشن اتھارٹی آپ کو باضابطہ چھوٹ حاصل کرنے کے لئے خصوصی رعایتوں یا طریقہ کار کے بارے میں مزید معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

اگر میرا بچہ NAPLAN کے دنوں میں اسکول سے غیر حاضر رہتا ہے تو کیا ہوگا؟

جہاں بھی ممکن ہو، اسکول ٹیسٹ کے وقت غیر حاضر رہنے والے طلباء کے لئے اسکول کے ٹیسٹ کے شیڈول کے دوران کسی اور وقت میں ٹیسٹ دینے کا انتظام کرسکتے ہیں۔

NAPLAN آن لائن 2020 ٹائم ٹیبل

NAPLAN آن لائن ٹیسٹ دینے کا دورانیہ نو دن ہے جبکہ کاغذ پر دئے جانے والے ٹیسٹ کے لئے تین دن دئے جاتے تھے۔ ایسا اس لئے کیا گیا ہے تاکہ اسکولوں کو ٹیسٹ شیڈول کرنے میں سہولت دی جاسکے اور ان اسکولوں کا خیال رکھا جائے جن کے پاس ہوسکتا ہے کہ آلات کی کمی ہو۔

NAPLAN انآ ٹنمسسیا نلائ ووڈن 10 مئی زورب منگل وک شروع یئہوگ روا 20 مئی ۔ 2022یہو جائے گ ہمتخ عجم زورب

آن لائن ٹیسٹ جددول کی ضروریات کا ذکر درج ذیل میزان میں تفصیل سے کیا گیا ہے۔

میرے بچے کی کارکردگی کیسے رپورٹ کی جاتی ہے؟

ہر جائزے کے لئے طلباء کی انفرادی کارکردگی کو قومی کامیابی کے پیمانے پر دکھایا جاتا ہے۔ اگر کوئی نتیجہ کم سے کم قومی معیار پر ہے تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس طالب علم نے اس تعلیمی سال کی سطح میں مکمل طور پر حصہ لینے کے لئے درکار خواندگی اور اعداد و شمار کی مہارت کا بنیادی مظاہرہ کیا ہے۔

آپ کے بچے کا اسکول سال کے دوران کسی اور وقت میں طلباء کی انفرادی NAPLAN رپورٹ جاری کرے گا۔ اگر آپ کو کوئی رپورٹ موصول نہیں ہوتی تو آپ کو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہئے۔

NAPLAN کے نتائج کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

- طلباء اور والدین اساتذہ کے ساتھ کارکردگی پر گفتگو کرنے کے لئے انفرادی نتائج کا استعمال کرسکتے ہیں۔
- اساتذہ ایسے طلباء کی بہتر شناخت کرنے کے لئے نتائج کا استعمال کرتے ہیں جنہیں جو بڑے چیلنجز یا اضافی مدد سے استفادہ حاصل کریں گے۔
- اسکول تدریسی پروگراموں کی صلاحیت اور اس کے جن حصوں میں مزید بہتری لانے کی ضرورت ہے، اُن کی شناخت کرنے اور خواندگی اور اعداد و شمار کے اہداف مقرر کرنے کے لئے نتائج کا استعمال کرتے ہیں۔
- اسکول کے نظام نتائج کا استعمال اسکولوں کو پیشکش کردہ پروگرامز اور معاونت کا جائزہ لینے کے لئے کرتے ہیں۔
- کمیونٹی اسکول کے اوسط NAPLAN نتائج myschool.edu.auپر دیکھ سکتی ہے

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

NAPLAN کے بارے میں مزید معلومات کے لئے:

- اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں
- اپنے مقامی ٹیسٹ ایڈمنسٹریشن اتھارٹی سے nap.edu.au/TAAپر رابطہ کریں
- ملاحظہ کریںnap.edu.au

یہ جاننے کے لئے کہ ACARA،NAPLAN کے لئے ذاتی معلومات کو کس طرح سنبھالتا ہے، ملاحظہ کریں nap.edu.au/naplan/privacy

ٹیسٹ	جدول کی ضروریات	دورانیہ	ٹیسٹ کی تفصیل
تحریر	تیسرے سال کے طلباء کاغذ پر لکھائی کا ٹیسٹ دیں گے (صرف پہلے دن) پانچویں سال کے طلباء کو پہلے دن شروع کرنا ہوگا (اسکولوں کو لکھائی مکمل کرنے کے عمل کو پہلے اور دوسرے دن کے دوران ہی مکمل کرنے کو ترجیح دینی ہوگی) ساتویں اور نویں سال کے طلباء کو دوسرے دن شروع کرنا ہوگا (اسکولوں کو لکھائی مکمل کرنے کے عمل کو دوسرے اور تیسرے دن کے دوران ہی مکمل کرنے کو ترجیح دینی ہوگی)	سال 3: 40 منٹ۔ سال 5: 42 منٹ۔ سال 7: 42 منٹ۔ سال 9: 42 منٹ۔	طلباء کو ایک 'تحریری محرک' (جسے بعض کئی دفعہ "فوری" - ایک نظریہ یا عنوان کہا جاتا ہے) دیا جاتا ہے اور انہیں کسی خاص صنف (بیانیہ یا قائل کرنے والی تحریر) میں جواب لکھنے کو کہا جاتا ہے۔
پڑھائی	اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آن لائن اسکول NAPLAN ٹیسٹوں کو نو دنوں کی مدت کے اندر اندر مکمل کرسکیں، سال 7 اور 9 کے طلباء پہلے دن پڑھائی کا ٹیسٹ شروع کرسکتے ہیں؛ تاہم، لکھائی کا ٹیسٹ دوسرے دن ہی شروع ہوگا چونکہ لکھائی کے ٹیسٹوں کو پہلے دن کے دوبارہ شیڈول کئے گئے کسی بھی طرح کے پڑھائی کے ٹیسٹوں پر فوقیت دی جائے گی زبان کی روایات کے ٹیسٹ سے **پہلے** مکمل کرنا ہوگا	سال 3: 45 منٹ۔ سال 5: 50 منٹ۔ سال 7: 65 منٹ۔ سال 9: 65 منٹ۔	طلباء مختلف قسم کی معلوماتی، تخیلاتی اور قائل کرنے والی تحریریں پڑھتے ہیں اور اس سے متعلق سوالات کے جوابات دیتے ہیں
زبان کی روایات	پڑھائی کے ٹیسٹ کے **بعد** مکمل کرنا ہوگا	سال 3: 45 منٹ۔ سال 5: 45 منٹ۔ سال 7: 45 منٹ۔ سال 9: 45 منٹ۔	اس ٹیسٹ میں ہجے، گرائمر اور اوقاف کا جائزہ لیا جاتا ہے
اعداد و شمار	زبان کی روایات کے ٹیسٹ کے **بعد** مکمل کرنا ہوگا	سال 3: 45 منٹ۔ سال 5: 50 منٹ۔ سال 7: 65 منٹ سال 9: 65 منٹ۔	اس ٹیسٹ میں نمبروں اور الجبرا، پیمائش اور جیومیٹری، اور اعدادو شمار اور پروبیبلٹی کا جائزہ لیا جاتا ہے